نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت کپاس کی بوائی کے ٹارگٹ اور نگہداشت بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد۔

کپاس کی کاشت اور نگہداشتی امور بارے فیلڈ فارمیشنز کو تمام مطلوبہ وسائل فراہم کردیے گئے ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور: یکم جون 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کپاس کے ٹارگٹ اور نگہداشت بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ کپاس کی کاشت اور نگہداشتی امور بارے فیلڈ فارمیشنز کو تمام مطلوبہ وسائل فراہم کردیے گئے ہیں۔اس موقع پرانہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کپاس کی کاشت کے درست اعداد وشمار 10 جون تک پیش کیے جائیں۔زراعت توسیع اور کراپ رپورٹنگ اعداد وشمار مرتب کرنے سے قبل مکمل جانچ پڑتال کرے۔انہوں نے مزید کہا کہ کپاس کی وشمار کی تھرڈ پارٹی سے توثیق کرائی جائے گی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کپاس کی کاشت کے غلط اعداد وشمار پیش کرنے والے افسران وعملہ جواب دہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ مارکیٹوں میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے مانیٹرنگ تیز کی جائے۔کھاد کی ڈسپیچ جیوٹیگنگ کے مطابق یقینی بنائی جائے۔ڈیجیٹل ایپ کے لاگ ان طریقہ کار کے مطابق حملہ کے فیلڈ وزٹ کی حاضری یقینی بنائی جائے۔کپاس کے کاش کے علاقوں میں زرعی ادویات مقرر کردہ قیمتوں پر فراہم کرنے کے لیے سہولت سینٹرز جلد قائم کیے جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور ڈویژن کو کپاس کی وادی میں تبدیل کرنے کے لیے قابل عمل تجاویز پر مبنی پلان مرتب کیا جارہا ہے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ ڈاکٹر عبدالقیوم اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی جب کہ ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت توسیع بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے

☆☆☆☆